وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

ہفتہ 16 محرم الحرام 1447ھ 12 جولائی 2025ء 28 ہاڑ 2082ب

وفاقی محتسب کے افسران کہوٹہ میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سن رہے ہیں

وفاقی محتسب کے افسران کی کہوٹہ میں کھلی کچہری، شکایات کا ازالہ

شہریوں نے وفاقی وصوبائی محکموں کیخلاف شکایات کے انبار لگا دیئے

صوبائی اداروں سے متعلق شکایات صوبائی محتسب اور ضلعی انتظامیہ کو بھجوا دیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا اور کنسلٹنٹ خالد سیال نے کہوٹہ میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کیخلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو ہدایات جاری کر کے گیس، بجلی، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور نادرا کیخلاف متعدد شکایات موقع پر ہی حل کرا دیں، کھلی کچہری میں شہریوں نے وفاقی وصوبائی محکموں کیخلاف بڑی تعداد میں شکایات پیش کیں، شکایت کنندگان نے کہا شہر میں سڑکیں جگہ جگہ ٹوٹی ہوئیں، بجلی کے کھمبے گرے ہوئے ہیں جن کی بحالی کیلئے متعدد درخواستوں کے باوجود محکمہ کوئی کارروائی نہیں کر رہا، بجلی کے اہلکار رشوت کے بغیر کوئی کام نہیں کرتے، زیادہ تر شکایات بجلی کے کنکشن، ٹرانسفارمر نہ لگانے، زائد بلوں، گیس کے کنکشن میں تاخیر، شناختی کارڈ کے اجراء میں تاخیر اور بلاک ہونے، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مالی امداد نہ ملنے سے متعلق تھیں، وفاقی محتسب کے افسران نے متعلقہ وفاقی اداروں کو شکایات کے ازالے کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کیے، صوبائی اداروں سے متعلق شکایات صوبائی محتسب اور ضلعی انتظامیہ کو بھجوا دیں، کھلی کچہری میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران، اے سی کہوٹہ، ضلعی انتظامیہ، صحافیوں نے بھی شرکت کی، قبل ازیں وفاقی محتسب کے افسران نے وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی لیکچر بھی دیا، کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے صحافیوں کی شکایات بھی سنیں۔